ENCEPHALITIS SOCIETY

رضاکاران Encephalitis Society کیلئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور انھی کی مدد کی بدولت آج ہم ایک انعام یافتہ آرگنائزیشن کے طور پر جانے جاتے ہیں۔

کئی ایک طریقے ہیں جن سے آپ Team Encephalitis کیلئے رضاکار بن سکتے ہیں اور آپ کو اس میں مشغول ہونے کیلئے ہمارے آفس میں کام کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ ہم ایک ماہ میں رضاکارانہ کام کیلئے عموماً لگ بھگ پانچ گھنٹے طلب کرتے ہیں لیکن ہم اس میں خاصی لچک بھی فراہم کرتے ہیں، لہذا آپ بھلے ایک ماہ میں ایک گھنٹہ ہی نکال پائیں، ہمیں پھر بھی آپ کا جواب سُن کر بہت خوشی ہو گی!

ہمارے کام کا انحصار ان لوگوں تک ہمارا پیغام پہنچانے پر ہے جنہیں ہماری مدد کی ضرورت ہے۔ ہم ان کمیونٹیز تک پہنچنا چاہتے ہیں جن کی مادری زبان انگریزی نہیں ہے - کیا آپ مدد کر سکتے ہیں؟

ہمیں رضاکاروں کی ضرورت کیوں ہے؟

- ہمارے معلوماتی ذرائع میں ہماری مدد کرنے کیلئے۔
- اینسفلائٹِس (دماغ کی سوزش) سے متاثرہ دیگر افراد کی مدد کرنے کیلئے۔
- اینسفلائٹِس (دماغ کی سوزش) کے بارے میں آگاہی پھیلانے کیلئے۔

رضاکار بننے کے فوائد

- عملی تجربہ حاصل کرنا۔
- دوست بنانا، لوگوں سے ملنا اور ان سے اپنے تجربات کا اشتراک کرنا۔
- اپنی ذاتی صلاحیتوں کو فروغ دینا۔
- اپنی CV/resume کو بہتر بنانا۔
- مقصدیت اور قدر کے احساس کو جاگزیں کرنا۔
- نئی صلاحیتیں سیکھنا۔
- اپنے اہداف کو پورا کرنا۔
- اپنے تجربات سے دوسروں کی زندگی میں فرق لانے کے امکان کے ساتھ ان کی مدد کرنا۔
- اطمینان، خوشی اور مزہ سب ایک ساتھ۔
- بااختیار ہونے اور معاشرے کو کچھ واپس دینے کا شعور۔

یہ نہ صرف آپ کو لوگوں سے مربوط کرتا ہے، بلکہ یہ آپ کی زندگی میں ارتکاز اور مسرت دونوں لا سکتا ہے۔ ایسے افراد کیلئے جو کام یا تعلیم کی طرف واپس آنا چاہتے ہیں، یہ اعتماد کی بحالی اور ممکنہ آجروں کی نظر میں قابل قدر ہونے میں مدد کر سکتا ہے۔
ہمارے پاس اس کیلئے کچھ اصول دستیاب ہیں، چاہے آپ اینسفلائٹِس (دماغ کی سوزش) کے بارے میں آگاہی پھیلانا چاہیں، معاونت کرنا چاہیں، یا اس بارے میں معلومات کا اشتراک کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں۔

اگرآپ Encephalitis Society کے ساتھ رضاکارانہ خدمات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو براہِ کرم لورا (Laura) سے بذریعہ ای میل رابطہ کریں:

volunteer@encephalitis.info

یا کال کریں +44(0)1653 692583

اینسفلائٹس سوسائٹی (Encephalitis Society)، اینسفلائٹس سپورٹ گروپ (Encephalitis Support Group)
کا آپریٹنگ نام ہے۔ انگلینڈ اورویلز میں رجسٹرڈ چیریٹی نمبر۔ 1087843،
سکاٹ لینڈ میں رجسٹرڈ چیریٹی نمبر۔ SC048210,
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ چیریٹیبل کمپنی نمبر۔ 04189027
Urdu version

www.encephalitis.info